12 مئی 2015

'پرزم' لین دین کے حجم میں 5 فیصد اور مالیت میں 21 فیصد اضافہ

پاکستان ریئل ٹائم انٹربینک سیٹل منٹ میکانزم (PRISM) نے مالی سال 15ء کی تیسری سہ ماہی کے دوران 198,250 سودے نمٹائے جن کی مالیت 51.1 ٹریلین روپے تھی۔ اس طرح مالی سال 15ء کی دوسری سہ ماہی کے مقابلے میں حجم اور مالیت میں بالترتیب 5 فیصد اور 21 فیصد اضافہ ظاہر ہوتا ہے۔ 'پرزم' سودوں کی تعداد بڑھانے میں بڑا حصہ بین البینک رقوم کی منتقلی (آئی بی ٹی ایف) کا تھا جو تقریباً 6 فیصد بڑھی جبکہ 'پرزم' سودوں کی مالیت بڑھانے میں سیکورٹیز کے تصفیے کا بڑا حصہ تھا جس میں تقریباً 45 فیصد اضافہ ہوا۔

مالی سال 15ء کی تیسری سہ ماہی کے دوران انٹرنیٹ بینکاری سودوں کے حجم اور مالیت میں بالترتیب 10 فیصد اور 6 فیصد کی نمو ظاہر ہوتی ہے۔ پوائنٹ آف سیل سودوں کا حجم اور مالیت گذشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں بالترتیب 1.4 فیصد اور 3 فیصد کم ہوگیا۔ مالی سال 15ء کی گذشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں اس سہ ماہی کے دوران موبائل بینکاری سودوں کا حجم 15 فیصد گر گیا تاہم سودوں کی مالیت 14 فیصد بڑھ گئی۔ اسی طرح اے ٹی ایم سودوں کے حجم میں گذشتہ سہ ماہی کی نسبت 2 فیصد اور مالیت میں 6 فیصد نمو دیکھی گئی۔ ریئل ٹائم آن لائن بینکنگ (RTOB) سودوں کا حجم گذشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں 6 فیصد سے زائد بڑھا جبکہ مالیت میں 0.8 فیصد کی معمولی کمی دیکھی گئی۔ تیسری سہ ماہی کے دوران غیر مالی سودوں میں 4 فیصد سے زائد اضافہ ہوا۔

رواں مالی سال کی تیسری سہ ماہی کے دوران اے ٹی ایمز کا نیٹ ورک 3.3 فیصد نمو کے ساتھ بڑھ کر 9,312 اے ٹی ایمز تک پہنچ گیا۔ اس سہ ماہی کے دوران بینکوں نے 2,341 پوائنٹ آف سیل (پی او ایس) مشینیں نصب کرائیں جو دوسری سہ ماہی کے مقابلے میں 7 فیصد نمو ہے۔ بینکوں کی طرف سے جاری کردہ کارڈز تیسری سہ ماہی کے خاتمے پر 2 فیصد نمو سے 26.5 ملین تک جا پہنچے۔ اس سہ ماہی کے دوران انٹرنیٹ بینکاری، موبائل بینکاری اور کال سینٹر بینکاری کے رجسٹرڈ استعمال کنندگان کی تعداد مالی سال 15ء کی تیسری سہ ماہی کے آخر تک 5.9 فیصد نمو کے ساتھ بڑھ کر 19.7 ملین تک پہنچ گئی۔

***